# ترجمان اسلام آباد کیپیٹل پولیس

پبلک ریلیشن برانچ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خصوصی اشاعت

Islamabad Police | ہفتہ 30 مارچ 2024 | Islamabadpolice.gov.pk


## ٹیکنالوجی

| | |
|---|---|
| کرایہ دار کا اندراج | 54712 |
| ملازمین کا اندراج | 51867 |
| گاڑیوں کی تصدیق | 20597 |
| گمشدگی رپورٹ | 23294 |
| جنرل ویریفکیشن | 94047 |

## کرائم

| | |
|---|---|
| کل مقدمات | 75 |
| گرفتار ملزمان | 50 |
| یکسو چالان | 71 |
| سٹاپ اینڈ سرچ | 6081 |
| اشتہاری مجرمان وعدالتی مفروران | 13 |

## ٹریفک

| | |
|---|---|
| جرمانے کے چالان | 3312 |
| سنگین خلاف ورزی | 2549 |
| مہلک حادثات | ---- |
| ڈرائیونگ لائسنس | 286 |
| لرننگ پرمٹ | 399 |

## پکار-15



| | |
|---|---|
| ایمرجنسی کال | 4362 |
| بوگس کال | 3792 |
| ایمرجنسی رسپانس | 287 |
| کم سے کم رسپانس ٹائم | 02 منٹ |
| زیادہ سے زیادہ رسپانس ٹائم | 20 منٹ |

## نیشنل پولیس اکیڈمی کے مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء کے وفد کا سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ

**وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کے مرکزی نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، ڈیٹا ہب یونٹ، جدید تکنیک کے حامل کیمروں اور پولیس آپریشنز سنٹر ہال کا دورہ کروایا گیا اور اس کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں بھی مکمل آگاہ کیا**





اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل نے نیشنل پولیس اکیڈمی کے مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء کے وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ کروایا، وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کے مرکزی نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، ڈیٹا ہب یونٹ، جدید تکنیک کے حامل کیمروں اور پولیس آپریشنز سنٹر ہال کا دورہ کروایا گیا اور ان کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں بھی مکمل آگاہ کیا، وفد کو بتایا گیا کہ سیف سٹی اسلام آباد جدید تکنیکی منصوبے کے ذریعے مختلف شعبہ جات میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، جس میں پولیس آپریشنز سنٹر، ایمرجنسی کنٹرول سنٹر، ڈیٹا ہب یونٹ، ڈسپیچ کنٹرول سنٹر، ای چالان نظام اور پکار 15 ہیلپ لائن جیسے اقدام شامل ہیں، وفد کو شہر میں سیف سٹی کیمروں کی کارکردگی اور افادیت کے بارے میں بتایا گیا کہ سیف سٹی کے جدید تکنیک کے حامل کیمرے شہر کی حفاظت، جرائم کے سدِ باب اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، جرائم کا 42 فیصد سیف سٹی کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر سے حل کیا جاتا ہے، شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر چہروں کی شناخت کرنے والے کیمرے لگائے گئے ہیں جو مشکوک عناصر کی نشاندہی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، وفد نے سی پی او سیف سٹی/ٹریفک سے ملاقات بھی کی اور اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے جدید تکنیکی نظام اور اس کی افادیت کو سراہا، وفد نے اس کامیاب دورے پر آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں اور ان کی ٹیم کا خصوصی طور پر شکریہ بھی ادا کیا۔

## اسلام آباد میں گھر گھر جا کر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کے لئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری ہے

**تھانہ بنی گالا اور تھانہ کھنہ کی حدود میں 559 گھروں کے 238 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا گیا، مہم میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی مختلف ٹیمیں گلی محلوں میں جا کر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے اندراج کو یقینی بنا رہی ہیں، تا کہ شہر میں امن و امان کی فضاء کو برقرار رکھتے ہوئے کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچا جا سکے**



اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے گھر گھر جا کر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری ہے، اس مہم کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی مختلف ٹیمیں گلی محلوں میں جا کر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج کو یقینی بنا رہی ہیں، اس سلسلے میں انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد نے تھانہ بنی گالا اور تھانہ کھنہ کے علاقے میں 559 گھروں کے 238 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا، اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر نے کہا کہ اس مہم کا مقصد وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں امن و امان کی فضاء کو برقرار رکھنا ہے تا کہ کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچا جا سکے، انہوں نے مزید کہا کہ کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج سے نا صرف شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھی جا سکتی ہے بلکہ کسی بھی قسم کی مشکوک سرگرمی میں ملوث عناصر کو غیر قانونی سرگرمیوں سے روکا جا سکتا ہے، اندراج نہ کروانے کی صورت میں کوئی بھی شر پسند عناصر عام شہری کا روپ ڈھال کر چوری اور ڈکیتی جیسی سنگین وارداتوں میں ملوث ہو کر نقصان پہنچا سکتا ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے وفاقی دارلحکومت کے شہریوں کو ایک محفوظ ترین ماحول فراہم کرنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

## اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن کا وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران 02 ہزار 816 مشکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیو ں کی جانچ کی، جبکہ 24 مشکوک اشخاص اور 66 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا۔ اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن سکواڈ وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں اول دستے کے طور پر کام کرتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن سکواڈ نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھر پور موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران کل 02 ہزار 816 شکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیوں کی جانچ کی، جن میں 844 مشکوک افراد اور 1,972 موٹر سائیکل شامل ہیں، جبکہ 24 مشکوک اشخاص اور اصل دستاویزات نہ ہونے پر 66 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا، اسلام آباد کے مختلف زونز میں دوران ڈیوٹی ڈولفن نے پٹرولنگ کے دوران کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی، تمام زونل افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جاری قانونی کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے، افسران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جامع حکمت عملی اپناتے ہوئے انکے سدباب کو یقینی بنائیں، اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

# اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران چار پیشہ ور بھکاریوں سمیت 21 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا




اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران چار پیشہ ور بھکاریوں سمیت 21 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ آبپارہ پولیس نے ملزم احمد علی کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ رمنا پولیس نے شراب فروشی میں ملوث غیر ملکی ملزمہ اومولیڈ سارہ کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 96 بوتلیں شراب برآمد کرلی، تھانہ گولڑہ پولیس نے ملزم عابد محمود کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1,175 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ ترنول پولیس نے ملزم شاکر کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے ملزم محمد کامران کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ شمس کالونی پولیس نے دو ملزمان جمال الدین اور خیر اللہ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول اور ایک عدد خنجر برآمد کرلیا، تھانہ بہارہ کہو پولیس نے تین ملزمان شکیب، عدنان رفیق اور غلام جعفر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول، 1,050 گرام چرس اور 25 لیٹر شراب برآمد کرلی، تھانہ نیلور پولیس نے دو ملزمان جواد عالم اور عبدالوحید کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 15 لیٹر شراب اور 32 بور ریوالور برآمد کرلیا، تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس نے ملزم بابر خان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 10 لیٹر شراب برآمد کرلی، تھانہ کھنہ پولیس نے ملزم کامران کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 151 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ ہمک پولیس نے تین ملزمان نصیر احمد، شکیل اور وقاص کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 948 گرام ہیروئن برآمد کرلی، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی گئی، جبکہ پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری کے لیے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران چار پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری عمل میں لائی گئی، اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات وشراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا" آئی سی ٹی-15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

# تھانہ شہزاد ٹاؤن اور تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب دو گروہوں کے تین ارکان کو گرفتار کرلیا







اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے اسلحہ کی نوک پر چھینے گئے موبائل فون، وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، ملزم کی شناخت جنت گل کے نام سے ہوئی ہے، ملزم کے خلاف متعدد مقدمات درج ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزم نے تھانہ انڈسٹریل ایریا کے علاقوں میں متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، جبکہ تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، ملزمان کی شناخت محمد عاطف اور احتشام کے ناموں سے ہوئی ہے، ملزمان کے خلاف متعدد مقدمات درج ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے تھانہ شہزاد ٹاؤن کے علاقے میں متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔

# ایس ایس پی سی ٹی ڈی نے انسداد دہشگردی ڈیپارٹمنٹ کے افسران وجوانوں کے ساتھ سی ٹی ڈی کمپلیکس میں روزہ افطار کیا

**اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے افسران وجوان عوام کی جان ومال کی حفاظت کے لیے پوری دلجمعی سے اپنے فرائض منصبی کی انجام دہی میں ہمہ وقت مصروف عمل ہے**



اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے احکامات کی روشنی میں ایس ایس پی سی ٹی ڈی نے انسداد دہشگردی ڈیپارٹمنٹ کے افسران و جوانوں کے ساتھ سی ٹی ڈی کمپلیکس میں روزہ افطار کیا، اس موقع پر ایس پی سی ٹی ڈی اور دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے، اس موقع پر شہداء پولیس کے لیے خصوصی دعا کا بھی اہتمام کیا گیا ،ایس ایس پی سی ٹی ڈی نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ہر افسر اور جوان اپنے فرائض کی انجام دہی کے لئے پرعزم ہے، فرض کی انجام دہی پر فورس کے ہر جوان کا کردار قابل تحسین ہے ،انہوں نے تمام افسران وجوانوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ مجھے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے افسران اور جوانوں کی پیشہ ورانہ مہارت، بہادری اور نیک نیتی پر فخر ہے انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ رمضان کے مقدس مہینے میں پیشہ ورانہ انداز میں اپنی ذمہ داریاں نبھائیں اور جوش وخروش کے ساتھ اپنے فرائض منصبی کو جاری رکھیں، پولیس افسران وجوانوں کیلئے افطار ڈنر کے اہتمام کا مقصد ان کے حوصلوں کو بلند رکھنا ہے۔

## قتل ودیگر سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری ہے، ان احکامات کی روشنی میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پولیس ٹیموں نے سنگین جرائم میں ملوث 10 اشتہاری مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی، آئی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خان نے کہا کہ اشتہاری اور عدالتی مفروران کے خلاف مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے مجرمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اس میں کسی قسم کی غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، تمام پولیس افسران تلاشی اور جانچ پڑتال کو مزید موثر بنائیں اور جرائم کی بیخ کنی کے لئے تمام تر ضروری اقدامات کرتے ہوئے جرائم پیشہ مجرمان اور مقدمات میں نامزد ملزمان کے گرد گھیرا تنگ کریں اور انکو گرفتار کر کے جلد مقدمات کو یکسو کریں، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار–"15 یا" آئی سی ٹی ایپ"-15 پر فوری اطلاع دیں۔

## گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران "پکار-15" پر 04 ہزار 362 کالز موصول ہوئیں، جن میں 03 ہزار 792 غیر متعلقہ کالز تھیں

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار–" 15 وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں شہریوں کو بر وقت خدمات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، "پکار–15" ایک ایمرجنسی ہیلپ لائن ہے جس سے کسی بھی وقت پولیس کی فوری مدد حاصل کی جاسکتی ہے، سیف سٹی میں "پکار–15" کال سینٹر موجود ہے جس میں روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں کالز موصول ہوتی ہیں اور کال کی نوعیت کے مطابق شہریوں کی مدد کی جاتی ہے، ان میں پولیس، فائر بریگیڈ، ایمبولینس سہولت شامل ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران] پکار-15" ہیلپ لائن پر 04 ہزار 362 کالز موصول ہوئیں، جن میں سے 03 ہزار 792 غیر متعلقہ کالز تھیں جو کہ کل کالز کا 87% فیصد ہے پولیس کی فوری مدد کے لئے 287 کیسز رجسٹرڈ کیے گئے جن میں مختلف نوعیت کی کالز اور اطلاع تھی جن پر بروقت ایمرجنسی دستوں کو بھیجا گیا، 87% فیصد جھوٹی اور غیر ضروری کالز سے نہ صرف پولیس کا وقت ضائع ہوتا ہے بلکہ ایمرجنسی میں کسی کی مدد میں تاخیر کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے جو جان لیوا ثابت ہوسکتا ہے، شہریوں سے گزارش ہے کہ "پکار–15" ہیلپ لائن آپ کی سہولت کے لیے ہے اور اس کا صحیح استعمال بھی آپ کی ذمہ داری ہے، ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں اور ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کریں جو جھوٹی اطلاع یا کال کر کے پولیس کا وقت ضائع کرتے ہیں۔

Tarjuman
# The Capital Police Islamabad
A publication of Public Relations Branch Islamabad Capital Police

Islamabad Police | SATURDAY MARCH 30, 2024 | Islamabadpolice.gov.pk



| PUCAR -15 | | TRAFFIC | | CRIME | | TECHNOLOGY | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Emergency Call | 4362 | Traffic Fine Ticket | 3312 | Total Crime Registered | 75 | Tenant Registration | 54712 |
| Hoax Call | 3792 | Major Violation | 2549 | Accused Arrested | 50 | Employee Registration | 51867 |
| Emergency Response | 287 | Fatal Accident | ---- | Challan Submitted in Court | 71 | Vehicle Verification | 20597 |
| Minimum Response Time | 02 Min | Driving License | 286 | Stop & Search | 6081 | Lost Reports | 23294 |
| Maximum Response Time | 20 Min | Learner Permit | 399 | P.O / C.O Arrested | 13 | General Verification | 94047 |

## Delegation of Mid Career Management Course visits Safe City Islamabad





Following the special directions of ICCPO Dr. Akbar Nasir Khan, the Deputy Director Technical welcomed the Mid-Career Management Course delegation from the National Police Academy at the Safe City Islamabad, a public relations officer said.He said that, the delegation visits the command and control center, the data hub unit, modern technology-equipped cameras, and the Police operations center hall. They were fully briefed about the procedures and advantages of this project.Furthermore, the delegation was briefed that Safe City Islamabad is playing a significant role in various departments through modern techniques, including the Police Operations Center, Emergency Control Center, Data Hub Unit, Dispatch Control Center, E-Challan System, and the "Pucar-15" helpline.The delegation was also apprised of the functionality and benefits of the Safe City cameras in the city. The modern cameras of Safe City are playing a crucial role in ensuring the safety of the city and preventing crimes and safeguarding the lives and property of citizens. Additionally, 42% of crimes are resolved through the Safe City Command and Control Center.Facial recognition cameras have been installed at the entry and exit points of the city which are playing an important role in identifying suspicious elements, he maintained.The delegation also met with CPO Safe City and Traffic and acknowledged the modern technical system of the Islamabad Capital Police and its benefits. The delegation expressed special gratitude to ICCPO Dr. Akbar Nasir Khan and his team for this successful visit.

## Campaign for registration of house servants and tenants data in full swing



According to details, following the special orders of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police "Knock the Door" campaign for the registration of employees and tenants is in full swing, a public relations officer said. He said that, during this campaign various teams of Islamabad Capital Police are going to the streets and door-to-door to ensure the registration of tenants and domestic workers as well as to inquire about the problems faced by the citizens. In this regard, the Counter Terrorism Department (CTD) Islamabad has registered a data of 238 house servants of 559 houses from Khanna and Bani gala Police Station jurisdiction. The purpose of this campaign is to avoid any untoward incident by maintaining law and order in the federal capital adding that the registration of tenants and domestic workers could not only keep a close watch on miscreants but also prevent the elements involved in any kind of suspicious activity. He said citizens are also requested that they can ask for the identity of a person if someone dressed in civil clothes comes to their house in order to collect the data. Unregistered employees and tenants could be involved in serious incidents like theft and robbery by impersonating as a common citizen and Islamabad Capital Police is trying to provide a safe environment to the citizens of the federal capital by using all its resources.

## Islamabad Capital Police Dolphin Squad playing vital role in eradicating crime

The Islamabad capital police Dolphin is playing a vital role in crime prevention from the city, during the last 24 hours, the Dolphin checked a total of 2,816 suspicious persons, motorcycles and vehicles, a public relations officer said. He said that, following the special directions of the Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police Dolphin Squad is working under a safe city Islamabad centralized system, which is deployed in different areas of the city for patrolling and crime prevention. During the last 24 hours, the Dolphin Squad Islamabad checked 844 pedestrians and 1,972 motorcycles during the special and snap checking, out of which 24 suspicious individuals and 66 motorcycles were shifted to various police stations for verification purposes. Islamabad Capital Police Dolphin Squad also ensured the arrest of the numerous accused involved in different criminal activities. The Islamabad capital police are taking all out efforts to curb the crime from the city. "Safety and security of the citizens is our prime responsibility and no stone would be unturned to save the lives and property of the citizens".

# 21 outlaws arrested; drugs and weapons recovered

Islamabad Capital Police apprehended 21 outlaws including four professional beggars from different areas of the city during the last 24 hours and recovered drugs and weapons from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Aabpara police team arrested an accused namely Ahmed Ali and recovered one 30 bore pistol from his possession. The Ramna police team arrested a lady accused namely Omolade Sarah and recovered 96 wine bottles from her possession. Likewise, the Golra police team arrested an accused namely Abid Mehmood and recovered 1,175 gram heroin from his possession. The Tarnol police team arrested an accused namely Shaker and recovered one 30 bore pistol from his possession. Similarly, the Industrial Area police team arrested an accused namely Muhammad Kamran and recovered one 30 bore pistol from his possession. The Shams Colony police team arrested two accused namely Jamal Ud din and Khair Ullah and recovered one 30 bore pistol and one dagger from their possession. Moreover, the Bhara Kahu police team arrested three accused namely Shakeeb, Adnan Rafique and Ghulam Jaffar and recovered one 30 bore pistol, 1,050 gram hashish and 25 liters liquor from their possession. The Nilore police team arrested two accused namely Jawad Alam and Abdul Waheed and recovered 15 liters of liquor and one 32 bore revolver from their possession. Further-more, the Shahzad Town police team arrested an accused namely Baber Khan and recovered 10 liters of alcohol from his possession. The Khanna police team arrested an accused Kamran Shahzad and recovered 151 gram heroin from his possession. The Humak police team arrested three accused namely Naseer Ahmed, Shakeel and Waqas and recovered 948 gram heroin from their possession. Cases have been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. During the crackdown against professional beggars, the Islamabad Capital Police teams arrested four professional beggars and registered cases against them under the beggars act. Senior police officers directed the police officials to further intensify the crackdown against the criminal elements. “Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard.




# Three wanted members of two snatcher gang held; mobile, motorbike and weapons recovered

Islamabad Capital Police Industrial Area and Shahzad Town police team arrested three wanted members of two notorious snatcher gangs involved in numerous criminal activities and recovered motorbike, mobile phones and weapons used in crime from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of Islamabad Capital City Police officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Industrial Area police team used technical and human resources and succeeded in apprehending a wanted member of the snatcher gang. The accused was identified as Janat Gul. Police team also recovered mobile phones, motorbike and weapon used in crime from his possession. Cases were registered against the nabbed accused and further investigation is underway. The Shahzad Town police team used technical and human resources and succeeded in apprehending two wanted members of the snatcher gang. The accused were identified as Muhammad Atif and Ehtasham. Police team also recovered weapons used in crime




from their possession. Cases were registered against the nabbed accused and further investigation is underway. Citizens are urged to cooperate with the police and report any suspicious individuals or activities through the emergency helpline "Pucar-15" or via "ICT-15" mobile application.

# 10 absconders involved in heinous crime held

Islamabad Capital Police have arrested 10 absconders and proclaimed offenders involved in heinous crime during the last 24 hour, a public relations officer said. He said that, following the special directions of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, special tasks were assigned to all senior police officials to ensure the arrest of proclaimed offenders and absconders involved in heinous crimes. During the crackdown, the Islamabad Capital police teams have arrested 10 absconders and proclaimed offenders involved in heinous crime during the last 24 hours. Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan said that the Islamabad Capital Police is taking all possible steps to eradicate the crime from the city and those involved in heinous crimes and illegal activities will be dealt with iron hands. Safety to the lives and property of the citizens is the foremost priority of Islamabad Capital Police, he added.

# Police Khidmat Markaz issued 93,942 General Police verification certificates



Police Khidmat Markaz of Islamabad Capital Police have facilitated citizens with different services like issuance of character certificate, foreigners' registration, registration of tenants and domestic servants, a police public relations officer said. He said that, following the special directions of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr Akbar Nasir Khan, the Islamabad capital police is taking all possible steps to provide maximum facilities to the citizens of Islamabad adding that several steps have been taken by the police in this regard. He further said that Police Khidmat Markaz has received 94,047 applications for a general police verification certificate during the ongoing year. On which 93,942 general police verification certificates were issued to the citizens after complete verification by concerned police stations while the work on remaining applications were under process. For general police verification certificates, applicants must bring his/her original CNIC. In case, the Islamabad address is not mentioned on applicant's CNIC, he must bring residential proof or rental agreement. For citizen's facility, police mobile facilitation van service has also been working, while Khidmat Markaz in various areas including sectors F-6, G-10/4, H-11, Bani Gala, Swan Garden, Khanna and at different police stations were also facilitating the citizens. ICCPO Dr. Akbar Nasir Khan said that, well trained staff has been appointed there who are providing best services to Pakistani nationals and foreigners. Such steps would improve the trust of people in the police.

# SSP CTD arranges "Iftar dinner" with police officials

According to the details, following the special directions of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Senior Superintendent of Police (SSP) Counter Terrorism Department (CTD) arranged an 'Iftar dinner' for police officials of Counter Terrorism Department (CTD), a public relations officer said. He said that, on the occasion, SP CTD and other police officers and officials of CTD were present. The SSP CTD while encouraging the officials said every officer and official of Islamabad capital police was determined to perform his duties in any situation. "I am proud of the professionalism, bravery and good faith with which every personnel of Islamabad capital police has performed his duties during the law and order duties," said SSP CTD. He urged officials to accomplish their responsibilities in a professional manner during the holy month of Ramadan and continue the work with zeal and zest. The purpose of this activity was to keep morale of officers of Islamabad Capital police high as they were ensuring protection to the lives and property of the citizens in this critical time.



# Over 2,63,310 e-challan tickets issued through safe city cameras

Islamabad Capital Police safe city e-challan system has issued over 2,63,310 fine tickets to motorists over various traffic rules violations in federal capital Islamabad through safe city cameras so far, a public relations officer said. He said that, following the special directions of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan, the Islamabad Capital Police is utilizing all available resources and taking strict measures against the traffic rules violators according to law. According to the details, the Islamabad Capital Police have issued 116 e-challan tickets during the last 24 hours and a total of 2,63,310 e-challan tickets to motorists have been issued over various traffic rules violations so far. E-challan tickets were delivered to the violators at their home address. A copy of challan was attached with the master file of the vehicles at the excise office over non-payment of penalty amount within the given time, he added. The car owners who were subjected to a fine could not sell or transfer their vehicle until the clearance of dues. The fine amount could be paid through different banks, mobile accounts and other digital means. There was a significant decline observed in the number of road mishaps and traffic violations in the federal capital after introducing this new challan system. The move was aimed at getting residents of the capital to abide by traffic laws even in the absence of traffic officers.

## Pucar-15 helpline received 3,792 irrelevant calls during the last 24 hours

Islamabad capital police emergency helpline "Pucar-15" received 4,362 phone calls during the last 24 hours and provided immediate assistance on various help seeking calls including police, fire brigade, ambulance and other services, a public relations officer said. He said that 4,362 calls were received at the emergency helpline "Pucar-15" out of which 3,792 calls were hoax and irrelevant to police which make up 87% of all calls. The Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) Dr. Akbar Nasir Khan took notice of hoax calls on the police emergency helpline and directed the senior officers to take stern legal action against those involved in such activities. "If anyone tries to waste the time of the police by making fake calls or passing derogatory remarks to the personnel will be dealt with iron hands," he maintained. ICCPO Dr. Akbar Nasir Khan urged the masses to approach police only in emergency situations as some genuine cases needing police attention may be neglected because of the time consumed by hoax calls.

# Social Media Corner Islamabad Police

Islamabad Police
@ICT_Police

ٹریفک سگنل بند ہونے پر سگنل پر موجود ٹریفک پولیس اہلکار گزر جانے کا اشارہ کرے تو کیا گزر جانا چاہیے؟

کچھ دیر پہلے پوچھے گئے سوال کا درست جواب ملاحظہ فرمائیں۔

#ICTP #IslamabadPolice #roadsafetyawareness

Translate post




Islamabad Police
@ICT_Police

منشیات تباہی کے سوا کچھ نہیں۔ اسلام آباد پولیس منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں مصروف عمل ہے۔

#ICTP #SayNoToDrugs

Translate post




Islamabad Police
@ICT_Police

"پتنگ بازی اور پتنگ فروشی قانونا جرم ہے"
اسلام آباد کیپیٹل پولیس اس کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف کارروائیاں عمل میں لارہی ہے۔شہریوں سے التماس ہے کہ ایسی سرگرمی کی اطلاع پکار 15اور آئی سی ٹی 15 موبائل ایپ پر دیں۔

#ICTP #IslamabadPolice #SayNoToKiteFlying

Translate post

